© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعة والجماعة

### عید الاضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم اثریہ اور جامعہ اثریہ للبنات میں تعطیلات

جامعہ کے شعبہ کتب میں تعطیلات مورخہ 17 دسمبر بروز سوموار بعد نماز ظہر سے شروع ہو کر 28 دسمبر جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی جبکہ شعبہ حفظ میں 18 دسمبر بروز منگل 11:00 بجے سے شروع ہو کر 25 دسمبر منگل کی شام تک ہوں گی۔

جامعہ اثریہ للبنات کے تمام شعبہ جات میں تعطیلات مورخہ 13 دسمبر بروز جمعرات سے شروع ہو کر مورخہ 28 دسمبر جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی۔ ان شاء اللہ

### مسجد اہل حدیث جوگیواڑہ کوٹلہ آئمہ کا افتتاح

مورخہ 9 نومبر بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز عصر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مسجد اہل حدیث جوگیواڑہ کوٹلہ آئمہ جہلم کا افتتاح کیا، اس موقع پر رئیس الجامعہ نے ''معاشرے میں مسجد کی اہمیت وفضیلت'' پر مدلل اور عالمانہ درس ارشاد فرمایا۔ مولانا حافظ اخلاق احمد خطیب برطانیہ نے بھی مسجد کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور بتلایا کہ یہ مسجد ان کے بزرگوں حاجی محمد شریف مرحوم نے بنائی، اس موقع پر مولانا حبیب الرحمٰن نے نقابت کے فرائض سرانجام دیئے اور کہا کہ اب اس مسجد کو باقاعدہ طور پر جامعہ علوم اثریہ کے زیر نگرانی کر دیا گیا ہے۔ مسجد ہذا میں نماز با جماعت کے علاوہ صبح وشام بچوں کو ناظرہ وترجمہ قرآن کریم، مسنون نماز اور دعائیں پڑھانے کا انتظام کر دیا گیا ہے۔

### حاجی محمد حنیف ڈار، حاجی فضل کریم ڈار اور حاجی محمد رفیق ڈار کو صدمہ

مورخہ 18 ستمبر بروز منگل حاجی محمد حنیف ڈار، حاجی فضل کریم ڈار اور حاجی محمد رفیق ڈار (ڈار کلاتھ ہاؤس مین بازار) کی چچی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ بڑی ہی نیک، بااخلاق اور صوم وصلوۃ کی پابند تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### عبداللہ (مخدوم آباد جادہ) کو صدمہ

مورخہ 22 نومبر بروز جمعرات عبداللہ (مخدوم آباد جادہ) کے والد محترم حاجی محمد زمان مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد اہل حدیث مخدوم آباد جادہ کے مستقل نمازی ومعاون تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com